گڈانی میں ڈوبنے والے مزید 5افراد کو کراچی کے مقامی قبرستانوں میں سپردخاک کردیا گیا ایک میت مردان روانہ

نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، کونسلرز اور ایم کیوایم کے ذمہ داران کی شرکت

کراچی۔۔۔17/اکتوبر 2007ء۔۔۔عیدالفطر کے دوسرے روز گڈانی کے سمندر میں پکنک مناتے ہوئے ڈوبنے سے جاں بحق ہونیوالے 18 میں سے 16افراد کو کراچی کے مختلف قبرستانوں میں سپردخاک کردیا گیا جبکہ دوافراد کی لاشیں بدستور لاپتہ ہیں۔تمام ہلاک شدگان کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، وفاقی وصوبائی وزراء، مشیران، اراکین اسمبلی اور ٹاؤن ناظمین کے علاوہ ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان نے شرکت کی۔پیر کے روز گڈانی کے ساحل پر نہاتے ہوئے ڈوبنے والے 5افراد کی تدفین ہوئی جن میں جناح روڈ شیر شاہ کے رہائشی 18 سالہ عمر عالم ولد دوست محمد اور 30 سالہ محمد سلیم بلوچ ولد علی محمد کو شیر شاہ اور بلدیہ ٹاؤن کے عابد ولد محمد زاہد، محمد عمر ولد خستہ خان اور عابد ولد عبدالرحمٰن کو بلدیہ ٹاؤن میں سپرد خاک کیا گیا جبکہ میٹروول نمبر 1 کے رہائشی 18 سالہ حنیف محمد ولد شیر محمد کی میت نماز ہ کی ادائیگی کے بعد انکے آبائی گاؤں مردان لیجائی گئی مرحومین کے جنازوں میں بلدیہ ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم کامران اختر، نائب ناظم سائٹ ٹاؤن سید بادشاہ خان، یوسی ناظمین، کونسلرز اور پاک کالونی وبلدیہ ٹاؤن سیکٹر و یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان نے شرکت کی۔جاں بحق ہونیوالے نوجوانوں محمد نعیم خلیل، محمد عدنان، زبیر حمید، فیصل، شہروز، کاشف، دانیال، منصور حسن، حارث اور ندیم کو پہلے ہی سپردخاک کیا جاچکا ہے جنکی نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی کے ارکان، وفاقی وصوبائی وزراء، مشیران، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، کونسلرز اور ایم کیوایم علاقائی سیکٹرز و یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور اپنی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور تمام ہلاک شدگان کیلئے فاتحہ خوانی کی۔

مقامی صحافی آذرعباس حیدری کے قتل پر متحدہ قومی موومنٹ کا اظہار مذمت

کراچی۔۔۔17/اکتوبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مقامی صحافی آذرعباس حیدری کے قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے بیان میں رابطہ کمیٹی نے آذرعباس حیدری کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے مقتول کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور وزیراعلیٰ سندھ ارباب غلام رحیم سے مطالبہ کیا کہ آذرعباس حیدری کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ آذرعباس حیدری کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

عباسی شہید اسپتال میں ڈینگی وائرس کے مریضوں کو علاج ومعالجے کی سہولیات کی فراہمی کیلئے اسپیشل وارڈ قائم کرنے پر سٹی ناظم کراچی کو مبارکباد

کراچی۔۔۔17/اکتوبر 2007ء۔۔حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے ڈینگی وائرس کے مریضوں کے علاج ومعالجے کیلئے عباسی شہید اسپتال میں جدید طرز پر خصوصی وارڈ قائم کرنے پر ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے اور اس مثبت اقدام کو شہریوں کیلئے مثبت اور عوام دوست قرار دیا ہے۔ایک بیان میں اراکین سندھ اسمبلی نے کہا کہ عباسی شہید اسپتال میں ڈینگی وائرس کے علاج معالجے کیلئے خصوصی وارڈ کے قیام کا فائدہ غریب عوام کو پہنچے گا اور انہیں علاج معالجے کی سہولیات مفت میسر آئیں گی بلکہ اس سے وائرس پر جلد قابو بھی پایا جاسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پرائیویٹ اسپتال میں ڈینگی وائرس کا علاج غریبوں کے دسترس سے باہر ہونے سرکاری اسپتالوں میں یہ سہولتیں نہ ہونے کے باعث متعدد غریب افراد بالخصوص نوجوان، خواتین، بچے اور بزرگ اس وائرس کا شکار ہوکر موت کی آغوش میں جاچکے ہیں۔انہوں نے شہری حکومت کی حق پرست قیادت نے پہلی مرتبہ سرکاری سطح پر ڈینگی وائرس کے علاج ومعالجے کی سہولت فراہم کرکے ثابت کردیا ہے کہ حق پرست قیادت عوام کے مشکلات اور ان کے مسائل کے حل کیلئے بلاتفریق وتمیاز خدمت پر یقین رکھتی ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر عمل پیرا ہوکر دکھی انسانیت کی خدمت کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ عباسی شہید اسپتال میں ڈینگی وائرس علاج ومعالجے کیلئے جدید سہولیات سے آراستہ خصوصی وارڈ قائم کرنے پر حق پرست سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال سے اظہار تشکر کیا اور انہیں عوام کی جانب سے مثبت اقدامات پر مبارکباد پیش کی۔

☆☆☆☆☆